# 02-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔لوک سبھا میں آج وقف ترمیمی بل 2025ء غور وخوض اور منظوری کے لیے پیش کیا گیا۔

۲۔تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے پسماندہ طبقات کے گروپوں نے آج نئی دلی میں واقع جنتر منتر پر دھرنا دیا۔

۳۔تلنگانہ ہائی کورٹ کی پی آئی ایل بینچ نے آج حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ کانچہ گچی باؤلی کی متنازعہ اراضی پر تمام کام روک دئے جائیں۔

۴۔وزیر سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ایس ایل بی سی سرنگ میں راحتی اقدامات 10 تا 15 دن کے اندر مکمل کر لئے جائیں گے۔

BC:

تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے پسماندہ طبقات کے گروپوں نے بیک ورڈ کلاس ویلفیر اسوسی ایشن نیشنل کمیٹی کی زیر نگرانی آج سے نئی دہلی میں واقع جنتر منتر پر دھرنا شروع کیا ہے۔ بی سی طبقہ نے مرکز سے مطالبہ کیا ہے کہ دستور کے 9 ویں شیڈول میں شمولیت کے ساتھ 42 فیصد تحفظات کو نافذ کیا جائے۔ واضح رہے کہ تلنگانہ اسمبلی میں بی سی طبقات کے لئے تعلیم، ملازمت اور سیاست کیلئے بی سی بل کو منظور کرتے ہوئے 42 فیصد تحفظات فراہم کئے گئے ہیں۔ بی سی گروپوں نے اس دھرنا میں شامل ہونے کے لئے تمام جماعتوں بشمول کانگریس کو مدعو کیا۔ ریاستی وزراٗ کونڈا سریکھا، پونم پربھاکر، ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ، سرکاری وہپ آدی سرینواس، سینئر کانگریس لیڈر ہنمنت راؤ اور دیگر افراد نے اس احتجاج میں حصہ لیا۔ اس کے علاوہ کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے صدر اسد الدین اویسی، ڈی ایم کے پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ کنیموزی، این سی پی (ایس پی)، ایم پی سپریا سولے اور دیگر لیڈرس نے بھی اس احتجاج میں شرکت کی اور اظہارِ یگانگت کیا۔ اے آئی سی سی لیڈر راہول گاندھی اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور دیگر نے بھی اس دھرنا میں شرکت کی۔

REPORT:

جنگلات اور ماحولیات کی مرکزی وزارت نے تلنگانہ انڈسٹریل انفرا اسٹرکچر کارپوریشن کی جانب سے ضلع رنگا ریڈی میں کانچہ گچی باؤلی کے احاطہ میں 400 پودوں کو ہٹانے کے غیر قانونی عمل کے سلسلہ میں حقائق پر مبنی اور کارروائی کی رپورٹ طلب کی ہے۔ اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل محکمہ جنگلات سندر نے ایڈیشن سکریٹری جنگلات سے آج ربط پیدا کرتے ہوئے کہا کہ پرنٹ اور سوشیل میڈیا پر مختلف رپورٹس آئی ہیں جن میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ مذکورہ اراضی پر جنگلی حیات، جھیلوں اور چٹانوں کو نقصان پہنچایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی وزیر کو ارکانِ پارلیمنٹ اور دیگر عوامی نمائندوں کی جانب سے اس سلسلہ میں تشویش پر مبنی نمائندگیاں موصول ہوئی ہیں۔

SEED FESTIVAL:

زراعت کے ماہرین نے کسانوں کو حاصل بیجوں کی آزادی اور اپنے بیجوں پر کنٹرول کے سلسلہ میں سالانہ بیجوں کا ایک فیسٹول دوبارہ شروع کرنے پر زور دیا ہے۔تلنگانہ کا پہلا سیڈ فیسٹول اس ماہ کی 4 سے 6 تاریخ کے درمیان منعقد کیا جائے گا۔ یہ فیسٹول ضلع رنگا ریڈی کے منڈل کڈتھل کے موضع انمس پلی میں واقع ارتھ سنٹر میں منعقد ہوگا۔

ZERO SCRAP:

ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے 501.72 کروڑ روپے کے ذریعہ ''مشن زیرو اسکراپ'' کے ذریعہ اہم پیشرفت کی ہے۔ مالی سال 2024-25ء کے دوران اسکراپ کے فروخت سے ہوئی یہ اب تک کی اعظم ترین آمدنی ہے۔زون نے ریلوے بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ نشانہ 430 کروڑ روپے کو بھی پار کرلیا ہے۔اس طرح پچھلے سال کے مقابلہ میں آمدنی میں اضافہ درج کیا گیا۔جنرل مینجر ایس سی آر ارون کمار جین نے کہا کہ اسکراپ کی فروخت ای آکشن کے ذریعہ کی گئی۔ یہ ہراج انڈین ریلویز کے ای پروکیورمنٹ سسٹم کے پورٹل کے ذریعہ کیا گیا۔

HCU:

سنٹرل یونیورسٹی آف حیدرآباد میں آج اس وقت کشیدگی پھیل گئی جب پولیس نے طلبہ کو کانچہ گچی باؤلی میں واقع 400 ایکر اراضی پر داخل ہونے سے روکنے کے لئے لاٹھی چارج کیا۔اس واقعہ میں کم از کم 20 طلبہ زخمی ہوگئے۔طلبہ مبینہ طور پر متنازعہ زمین کی طرف بڑھنے کی کوشش کررہے تھے جہاں کلیئرنس کے کام جاری ہیں۔تب ہی پولیس وہاں پہنچ گئی اور طاقت کا استعمال کرتے ہوئے طلبہ کو منتشر کردیا۔ایک طالب علم نے بتایا کہ اس واقعہ میں 20 تا 30 طلبہ زخمی ہوئے ہیں۔

MAOIST:

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (ماؤنواز) کی سنٹرل کمیٹی نے رواں آپریشن کارگر کو بند کئے جانے پر مرکز اور ریاستی حکومتوں کے ساتھ پرامن مذاکرات کرنے کیلئے تیار ہونے کا اعلان کیا ہے۔کمیٹی نے اس آپریشن کونسل کشی قرار دیا۔چھتیس گڑھ، مہاراشٹرا، اوڈیشہ، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش اور تلنگانہ میں سیکورٹی فورسس کی جانب سے نئے کیمپس لگائے جارہے ہیں۔سی پی آئی سنٹرل کمیٹی کے نام سے جاری ایک بیان میں آج اس کے ترجمان ابھئے نے کہا کہ امن بات چیت کے لئے مرکز اور ریاستی حکومتوں کو ایک اچھا ماحول تیار کرنا ہوگا۔ان کے مطابق اگر ان کی اس پیشکش پر مثبت ردِعمل ملتا ہے تب پارٹی کی جانب سے فوری جنگ بندی کا اعلان کیا جائے گا۔

WEATHER:

محکمہ موسمیات کے مرکز نے تلنگانہ میں مختلف مقامات پر آئندہ 4 دن کے دوران بونده باندی کے ساتھ ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش قیاسی کی ہے۔ محکمہ کی جانب سے آج جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ریاست میں کہیں کہیں اسی مدت کے دوران ہلکی تا اوسط بارش یا بونده باندی بھی ہوسکتی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست بھر میں خشک موسم رہا۔ رپورٹ کے مطابق اعظم ترین درجہ حرارت کل عادل آباد میں 41 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔

NEW LS-WAQF:

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی طرف سے پیش کی گئی رپورٹ پر مبنی وقف ترمیمی بل 2025 آج لوک سبھا میں غور وخوض اور منظوری کے لیے پیش کیا گیا۔ بل پیش کرتے ہوئے اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ اِس بل کا مسلمانوں کے مذہبی رسم ورواج سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اِس کا تعلق صرف وقف بورڈ کی املاک سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکار وقف بورڈ کو جامع اور سیکولر بنانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس قانون کا تعلق مساجد کے انتظامات سے نہیں ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ موجودہ بل کے مطابق وقف بورڈوں میں مسلمانوں کے مختلف فرقوں، خواتین، غیر مسلم اور دیگر نمائندے شامل ہوں گے۔ انہوں نے اپوزیشن پر بل کے بارے میں عوام کو گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔ اس سے پہلے انہوں نے کہا کہ یہ بل ملک کے مفادات میں ہے۔ نئی دہلی میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے رجیجو نے اس بل کی مخالفت کرنے والوں کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ وہ سیاسی وجوہات کی بنا پر ایسا کر رہے ہیں۔

SOUND BYTE KIREN RIJIJU

HAJ:

حج کمیٹی آف انڈیا نے حج اخراجات کے تحت تیسری اور آخری قسط کی ادائیگی کیلئے کل جمعرات آخری تاریخ مقرر کی ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد رقم قبول نہیں کی جائے گی جبکہ بروقت رقم ادا نہ کرنے والوں کے نام قطعی فہرست سے ہٹا دئے جائیں گے۔ عازمین حج رقم، اسٹیٹ بینک آف انڈیا، کوٹھی مین برانچ پر کاؤنٹر نمبرس 28، 29 اور 30 پر جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ عازمین کو اپنے ساتھ آدھار کارڈ اور پین کارڈ لازمی طور پر رکھنا ہوگا۔ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، منی، عرفات اور مزدلفہ کے لئے انتظامات کو 3 اپریل کے بعد قطعیت دی جائے گی۔

YOUTH PARLIAMENT:

امورِ نوجوانان اور اسپورٹس کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ ملک پہلے کے جذبہ کے تحت کام کرے۔ نئی دہلی میں آج وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کے نوجوان، ملک کی ترقی میں اہم رول ادا کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ان نوجوانوں کو ملک بھر کے 300 اضلاع سے منتخب کیا گیا ہے جبکہ یوتھ پارلیمنٹ سے انہیں ملک کی جمہوریت کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

Sound Byte Mansukh

IPL:

انڈین پریمیر لیگ کے ایک دلچسپ مقابلہ میں آج شام بنگلور کے چناسوامی اسٹیڈیم پر میزبان رائل چیالنجرس بنگلور اور گجرات ٹائٹنس کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ آرسی بی کی ٹیم پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست ہے جیسا کہ اس نے اب تک اپنے دونوں میاچس جیتے ہیں۔

SLBC

ریاست کے وزیر مال سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ سری سیلم لفٹ بینک کنال (ایس ایل بی سی) سرنگ میں پیش آئے حادثہ کے تعلق سے جاری راحتی کام 10 تا 15 دن کے اندر مکمل کرلئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اضلاع نلگنڈہ اور کھمم کو مزید ڈھائی سال تک کرشنا کا پانی سربراہ کیا جائے گا۔ ایس ایل بی سی سرنگ کا معائنہ کرنے کے بعد وزیر نے آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے سرنگ میں راحتی کام تیزی سے جاری ہیں جبکہ مزید 105 تا 110 میٹر مکمل ہونے کے بعد آپریشن کا اہم مرحلہ شروع ہوگا۔

SOUND BYTE

وزیر نے مزید کہا کہ اس وقت بچاؤ آپریشنوں میں 550 تا 560 ارکان عملہ مصروف ہیں جو عصری آلات استعمال کررہا ہے اب تک سرنگ سے دو لاشیں برآمد کی جاچکی ہے۔ انسانی جانوں کے ضائع ہونے پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے سرینواس ریڈی نے زور دے کر کہا کہ حکومت راحتی کاموں کو عمدگی سے ختم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔

PIL:

تلنگانہ ہائی کورٹ کی پی آئی ایل بنچ نے جو کارگزار چیف جسٹس سوجوئے پال اور جسٹس رینوکا یارا پر مشتمل ہے، آج حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کیمپس میں کانچہ گچی باؤلی کی متنازعہ اراضی پر تمام کام روک دئے جائیں۔ یہ حکم التواء سماعت مکمل ہونے تک برقرار رہے گا۔

OO